زندگی نامہ

قرۃ العین حیدر

تحقیق و ترتیب

جمیل اختر

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

زندگی نامہ

قرۃ العین حیدر

تحقیق و ترتیب

جمیل اختر

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

وزارت ترقی انسانی وسائل، حکومت ہند

فروغ اردو بھون ایف سی، 33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا، جسولا، نئی دہلی۔110025

پہلی اشاعت	:	2014
تعداد	:	550
قیمت	:	-/143 روپئے
سلسلۂ مطبوعات	:	1833

ZINDAGI NAMAH
Qurat-ul-Ain Haider
Compiled by: Jameel Akhtar

ISBN :978-93-5160-063-3

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33/9، انسٹی ٹیوشنل ایریا،
جسولہ، نئی دہلی 110025، فون نمبر: 49539000، فیکس: 49539099
شعبۂ فروخت: ویسٹ بلاک۔8، آر۔کے۔پورم، نئی دہلی۔110066 فون نمبر: 26109746
فیکس: 26108159 ای۔میل: ncpulsaleunit@gmail.com
ای۔میل: urducouncil@gmail.com، ویب سائٹ: www.urducouncil.nic.in
طابع: بھارت گرافکس، C-83، اوکھلا انڈسٹریل ایریا، فیز۔1، نئی دہلی 110020
اس کتاب کی چھپائی میں 70GSM, TNPL Maplitho کاغذ استعمال کیا گیا ہے۔

پیش لفظ

انسان کا اجتماعی شعور صدیوں کو محیط ہے۔ اظہار کے سانچوں پر قابو پانے میں صدیاں لگی ہیں۔ اظہار کے لسانی سانچے پر عبور پانا معجزے سے کم نہیں۔ زبان کا سفر حقیقت سے مجاز تک کا نہایت بامعنی سفر ہے۔ مجاز کے توسط سے اشارے حقیقت کی ترسیل ہیں۔ مفروضے سے معروضے کی منزل مشاہدے سے تجربے کی منزل ہے جو پیچیدگی سے آسانی کی طرف لے جاتی ہے۔ فکر سے اظہار اور اظہار سے تحریر کے مراحل میں ردوقبول کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ جذبے، احساسات اور اشیا کی شناخت کے لیے لفظیات کا انتخاب اور ان کی قبولیت کے لیے زمانہ درکار ہوتا ہے۔ زبان عمرانی، معاشرتی اور تہذیبی مظہر ہے۔ ایک دن میں زبان بنتی ہے نہ قواعد۔ نطق سے اظہار تک کا سفر صدیوں پر مشتمل ہے۔ اردو نے اپنا ادبی سفر شروع کیا تو تحریر بھی اسے محفوظ کرتی گئی اور آج اردو کتابوں کے عظیم ذخیرے پر ہم فخر کرتے ہیں۔

اردو میں مختلف علوم و فنون کی کتابوں کو منتقل کرنا اور معیاری تحریروں کو پکی روشنائی عطا کر کے اردو حلقوں تک پہنچانا ہماری اہم ذمہ داری ہے۔ کونسل نے متنوع موضوعات پر کافی کتابیں شائع کی ہیں۔ اردو میں شخصیت اور فن قسم کے مقالے جامعات میں تحقیق کے لیے اکثر داخل کیے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض زیور طباعت سے آراستہ بھی ہوتے ہیں۔ لیکن خالص

شخصی معلومات پر مبنی کتاب یا شخصی اشاریوں کا چلن ہمارے یہاں عام نہیں ہے۔ بڑی شخصیات کی زندگی کا کینوس بھی وسیع تر ہوا کرتا ہے۔ حیات کی گمشدہ کڑیوں کو جوڑ کر ایک سلسلہ عطا کرنا، نہایت محنت کا کام ہے۔ بڑی شخصیات میں بے نیازی کا پہلو اکثر پایا گیا ہے۔ وہ اپنے متعلق چیزوں کو جمع کرنے سے پرہیز کرتی ہیں۔ اس لیے بعض اوقات ان کی شخصیت اور کارناموں سے جڑی اہم دستاویز عام قارئین کی نظر سے اوجھل رہتی ہے۔ ایسی صورت میں محققین کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے۔ ایسے محقق لائق مبارک باد ہیں جو عہد ساز ادیبوں کی زندگی اور فن کی بکھری اور گمشدہ کڑیوں کو جوڑنے کا کام عرق ریزی کے ساتھ انجام دیتے ہیں۔ جمیل اختر کی کاوش 'زندگی نامہ' قابل ستائش ہے۔ انھوں نے مشہور ادیبہ قرۃ العین حیدر کی حیات کے مختلف گوشوں اور ان کے اجزائے پریشاں کو سمیٹنے کا کام بحسن وخوبی انجام دیا ہے۔ کونسل موصوف کی شکر گزار ہے۔

امید ہے کہ کونسل کی دیگر مطبوعات کی طرح اس کتاب کی بھی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی۔ ہمیں اہل ذوق کی آرا کا انتظار رہے گا۔

پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین
(ڈائرکٹر)

فہرست

مقدمہ

ابتدا: دو باتیں

میں نے ادیبوں کی حیات و خدمات اور ان کے کارنامے پر مبنی ایک کتابی سلسلہ 'زندگی نامہ' کے عنوان سے شروع کیا ہے۔ اس کتاب کے مندرجات کو میں نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(1) ادیب کی (2) ادیب پر

پہلے حصے کے تحت مصنف کے ذاتی کارنامے، کارکردگی یعنی حیات و خدمات کو مختلف عنوانات میں تقسیم کر کے تقویمی ترتیب کے تحت اندراجات کیے گئے ہیں۔ جس سے زندگی میں رونما ہونے والے چھوٹے بڑے تمام واقعات کسی نہ کسی عنوان کے تحت درج ہو جاتے ہیں۔ کچھ پیچیدہ، گنجلک اور غیر واضح اندراجات کی پرتیں بالکل واضح انداز میں تہہ در تہہ کھولی جاتی ہیں۔ یعنی عنوان ہر مفہوم کو واضح کر دیتا ہے اور اس عنوان کے تحت اندراج مزید شبہہ صاف کر دیتا ہے۔ ایسی مشکل صرف تراجم کے سلسلے میں پیش آتی ہے۔ یعنی مصنف نے اپنی کن کن تحریروں کے ترجمے خود کیے ہیں اور دوسروں نے مصنف کی کون سی تحریر کا ترجمہ کیا ہے، اور کس کس زبان میں۔ دوسری مشکل بعض ادیبوں کے مجموعہ مضامین یا افسانوی مجموعوں کے سلسلے میں بھی پیش آتی ہے۔ یعنی خود

مصنف کے ترتیب دیے ہوئے مجموعے اور پھر دوسروں کے ذریعہ ترتیب دیے ہوئے مجموعے جو اکثر غیر واضح ہوتے ہیں۔ میں ان دونوں کو الگ الگ خانوں میں رکھتا ہوں۔

کتاب کا دوسرا حصہ قدر شناسی پر مبنی ہوتا ہے۔ یعنی مصنف کے کارناموں کی تحسین شناسی، جس کی بہت سی قسمیں ہیں۔ اس کا بھی اندراج مختلف عنوانات کے تحت ہوتا ہے۔ یعنی مصنف پر لکھے گئے مضامین، مقالے، کتابیں، اردو اور دیگر زبانوں میں۔ یہ بھی خاصا وسیع میدان ہے۔

اس طرح ان دو حصوں میں کسی بھی مصنف سے متعلق شاید ہی کوئی معلومات درج ہونے سے رہ جاتی ہے۔ یعنی یہ کتاب کسی بھی مصنف سے متعلق گنجینۂ معلومات کا وہ خزانہ ہے جو چھپی ہوئی حالت میں 'گوگل' سرچ کا کام دے گی۔ یعنی اتنی معلومات کسی بھی مصنف سے متعلق نہ کسی ویب سائٹ پر ملے گی نہ 'گوگل' سرچ میں ہی نیٹ پر دستیاب ہو سکے گی۔ یہ 'مصنف انجن' اردو میں اپنی نوعیت کی پہلی کتاب ہے۔ اور میرا خیال ہے کہ دنیا کی دوسری زبانوں میں بھی اس طرح کی کوئی کتاب موجود نہیں ہے۔ لائبریری سرچ میں مجھے ایسی کوئی کتاب نہیں مل سکی جسے میں نمونہ کے طور پر استعمال کر سکتا۔ 'زندگی نامہ' کا فریم ڈیزائن کرنے میں مجھے کئی سال لگے۔ مختلف تجربات سے گزرا تب یہ صورت سامنے آسکی ہے۔ فی الحال غور و خوض مزید جاری ہے تا کہ اس کتاب کو مزید بہتر سے بہتر بنایا جا سکے۔ قارئین سے بھی مشورے کی گزارش ہے۔

ضمنی عنوانات میں مصنف کی ادبی شخصیت کے لحاظ سے حذف و اضافے کی گنجائش ہمیشہ رہے گی۔ لیکن عمومی پیمانہ ہر مصنف کے لیے یہی ہوگا۔ شاہ سرخی، ذیلی اور ضمنی عنوانات کے تحت کسی بھی مصنف کی زندگی کا شاید ہی کوئی گوشہ منور ہونے سے رہ جائے۔

'زندگی نامہ' سیریز کی پہلی کتاب عہد حاضر کی نامور فکشن نگار قرۃ العین حیدر کی حیات و خدمات اور ان کے کارناموں کی وہ دستاویز ہے جس کا کہیں اور اس طرح ظہور پذیر ہونا شاید ممکن نہیں تھا۔ محقق مدتوں ٹامک ٹوئیاں کرتے تب بھی شاید آدھی ادھوری ہی معلومات یکجا کر پاتے۔ اس طرح سلسلے وار شاہ سرخیوں کے ساتھ معلومات جیسے چاند رات میں نیلگوں آسمان پر چمکتے ہوئے ستارے، مانند قطب مشتری کے قطار اندر قطار کہاں مل پاتے۔

اس کتاب کی تیاری میں کافی مشکلیں پیش آئیں اس لیے کہ قرۃ العین حیدر نے اپنی کوئی چیز سنبھال کر نہیں رکھی تھی۔ عمر بھر اپنی وراثت کے ضائع ہونے کا غم کرنے والی خاتون خود اپنی ہی چیزیں ضائع ہونے سے نہیں بچا پائیں۔ نا ہی خاندان اور رشتہ داروں میں کوئی اس قابل ہے کہ ان کے ادبی سرمائے کی حفاظت کر سکے۔ ہند و پاک میں ان کے خاندان کے وہ افراد جو وارث ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ اس کا شعور ہی نہیں رکھتے کہ ان کی تمام بکھری ہوئی چیزیں یکجا ہو کر شائع ہو جائیں اس کی فکر کسی کو بھی نہیں۔ ہاں ان کی چھوڑی ہوئی وہ وراثت جو مالی منفعت کا ذریعہ ہیں اس پر تو لوگ قابض ہو گئے ہیں۔ لیکن ان کے سب سے قیمتی سرمائے کی حفاظت کی طرف کسی کا رجحان نہیں ہے۔ قرۃ العین حیدر پر مکمل تحقیق کے لیے کافی سرمائے کی ضرورت ہے۔ اس لیے کہ ان کی شخصیت جس کا دائرہ بین الاقوامی سطح پر پھیلا ہوا ہے۔ ہر جگہ سے معلومات اکٹھی کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ بسیط کینوس پر پھیلی ہوئی معلومات کے لیے وقت اور سرمایہ دونوں کی ضرورت ہے۔ سرمایہ ہو تو وقت خریدا جا سکتا ہے۔ پہلے تو اس قیمتی ادبی اثاثے کی حفاظت کا شعور بیدار ہونا چاہیے پھر اس کے لیے منصوبہ بندی کی ضررت ہے۔ ان کے کل سرمائے کو مجتمع کرنے کی منصوبہ بندی میں یہ کتاب اہم کردار ادا کرے گی۔ ان کی چھوڑی ہوئی ذاتی وراثت سے یہ کام ممکن ہے لیکن کیا ان کے وارث اس کام کے لیے آمادہ ہوں گے۔ موجودہ حالات میں تو یہ ممکن نہیں معلوم ہوتا۔

مجھ سے جس حد تک ہو سکا ہے میں نے قرۃ العین حیدر سے متعلق ایک ایک معلومات جمع کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ صرف میرا جنون ہے، میرا عشق ہے جو اس حد تک بھی معلومات جمع ہو سکی ہیں اس کے بغیر اس کام کا ہونا ناممکن تھا۔ اب آخر میں اس کتاب کے قاری سے ایک اپیل ہے کہ:۔
کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد قرۃ العین حیدر کے بارے میں جس طرح کی بھی معلومات ان کے پاس ہوں ثبوت کے ساتھ ہمیں بھجوانے کی زحمت کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اضافہ کیا جا سکے۔ اگر کسی طرح کی غلطی ان اطلاعات کے دینے میں سرزد ہو گئی ہوں تو براہ کرم اس کی تصحیح فرمائیں اور صحیح معلومات دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ حضرات کے پاس قرۃ العین حیدر کے بارے میں اس سے الگ بھی کوئی معلومات ہو یا ان کے خطوط، مضامین، افسانے اور تصاویر

میں سے کوئی چیز آپ میں سے کسی کے پاس ہوں تو وہ بھجوانے کی زحمت کریں تا کہ کلیات کی تدوین میں اس سے استفادہ کیا جاسکے اور تمام چیزیں یکجا ہو جائیں۔

(2)

روایت اور اہمیت:۔

اردو میں مصنف اشاریے کی روایت کا آغاز کب ہوا یہ کہنا تو مشکل ہے۔لیکن دو تین دہائی قبل سے یہ روایت ملتی ہے۔ چند مصنف اشاریے الگ سے کتابی صورت میں شائع بھی ہوئے ہیں اور کچھ رسائل میں چھپے اور وہیں مدفون ہو گئے۔آج کسی کو ان کی خبر بھی نہیں۔لیکن جو مصنف اشاریے کتابی صورت میں منظر عام پر آئے تحقیق کے طالب علم اور محقق ان سے استفادہ کر رہے ہیں اگر چہ ان اشاریوں کی تعداد بھی بہت زیادہ نہیں ہے انگلیوں پر گنی جاسکتی ہے۔لیکن جو بھی اور جیسا بھی ہے اس کی اہمیت وافادیت اپنی جگہ مسلم ہے۔

اردو میں اشاریہ سازی کی روایت کے فروغ نہ پانے کی ایک بڑی وجہ سنجیدہ تحقیق کی کمی، اصولوں سے ناواقفیت، تساہلی اور سہل پسندی کا رجحان رہا ہے۔سائنسی طریق کار سے عدم واقفیت، بغیر جدو جہد کے آسانی سے فراہم متعلق اور غیر متعلق معلومات سے کام چلانے کا رویہ، تحقیقی کاموں میں جلد بازی کا رجحان، صبر وتحمل کا نہ ہونا، ذمہ داری اور فرض شناسی کی کمی بھی ہے۔ادارہ ہو یا فرد ہر کوئی کام کو جلد از جلد انجام دے کر داد اور تحسین چاہتا ہے۔نتیجتاً کام کے معیار پر اس کا اثر پڑنا لازمی ہے۔

آج دنیا کی بیش تر زبانوں کو کمپیوٹر ٹکنالوجی سے جوڑنے اور انٹرنیٹ پر تمام ضروری معلومات بہم پہنچانے کی کوششیں ہورہی ہیں۔کتابیں اور دوسری بہت سی اطلاعات انٹرنیٹ پر دستیاب بھی ہیں۔کیا اردو والوں میں یہ رجحان پایا جاتا ہے؟ اردو کے کسی چھوٹے یا بڑے ادارے نے اس طرح کا کوئی کام کیا ہے؟ یا اس طرح کا کوئی منصوبہ بھی بنایا ہے۔میرے خیال میں نہیں۔بالکل نہیں۔بلکہ کسی منصوبے کے بغیر کئی لوگوں نے اپنی پسند کی کچھ چیزیں انٹرنیٹ پر ڈالی ہیں لیکن وہ تحقیق کے کسی بڑے کام میں ہرگز معاون نہیں ہیں۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان جو اردو کے کلاسیکل متون کی تدوین کا کام بڑے پیمانے پر کررہی ہے۔اس نے بھی اس

طرح کا کوئی منصوبہ نہیں بنایا ہے۔ کچھ لوگ اپنی ذاتی کوششوں سے کلیات کی تدوین کا کام کر رہے ہیں لیکن اسے بھی معیاری اور ہر طرح سے مکمل نہیں کہا جا سکتا۔ اس لیے کہ کلاسیکل متون کی تدوین جیسے بڑے کام کے لیے ہمارے پاس ٹولس ہی نہیں بنے ہیں۔ جن کی مدد سے مکمل متون کو مدون کیا جا سکے۔ جو کچھ کتابی صورت میں بازار یا لائبریری میں موجود ہے اسی کی دوبارہ اشاعت اردو کے کلاسیکل متون کے ساتھ دیانت دارانہ رویہ نہیں ہے بلکہ ایک بڑا تحقیقی مذاق ہے۔ کم از کم متون کی تدوین سے قبل تمام نسخوں کی نشان دہی کے ساتھ ساتھ رسائل اور کتابوں کے مندرجات کی اشاریہ سازی بے حد ضروری تھی تا کہ کوئی بھی متن مرتب کی نظروں سے اوجھل نہ رہے اور کلیات کی تدوین میں کوئی افسانہ، غزل، نظم، قصیدہ، خاکہ، انشائیہ، مضمون، مقالہ شامل ہونے سے نہ رہ جائے۔ جب تک زمین تیار نہ ہو اس طرح کے بڑے پروجیکٹ بس یوں ہی شروع کرا دینا موضوع کے ساتھ غیر منصفانہ عمل تو ہے ہی، اردو کے ساتھ ایک مذاق بھی ہے۔

آج تک جتنے بھی مصنف اشاریے بشمول راقم الحروف کے تیار کردہ اس اشاریے کے، کسی کو بھی مکمل اشاریہ نہیں کہا جا سکتا۔ اس لیے کہ مصنف اشاریہ تیار کرنے کے لیے جس قدر محنت و ریاضت، وقت اور سرمائے کی ضرورت ہے وہ فرد واحد کے بس کی چیز نہیں ہے۔ اگر صحیح معنوں میں کسی مصنف کا اشاریہ تیار کرنا ہے تو اس کی پوری معلومات کے لیے جس وسیع چھان بین کی ضرورت ہے اردو میں موضوعاتی اشاریے کی عدم موجودگی کی وجہ سے اس کا سو فیصدی مکمل اور درست ہونا ناممکن ہے۔ تمام معلومات کی دستیابی کسی ایک لائبریری کے سہارے بھی ممکن نہیں۔ تو کیا آج کی دنیا میں کسی شخص کے پاس اتنا وقت اور سرمایہ ہے کہ وہ ہندوستان بھر کی لائبریری کی خاک چھانتا پھرے اور معلومات اکٹھی کرے۔ یہ آج کی تحقیق کا ایک بڑا مسئلہ ہے۔ کوئی محقق اگر دیانت داری سے کام کرنا بھی چاہے تو حقائق کا پتہ لگانا موجودہ صورت میں ناممکن ہے۔ ایسی صورت میں فردِ واحد کی انتھک کوششوں سے جو کچھ بھی معلومات دستیاب ہو سکے اسے بڑا کارنامہ ہی تصور کیا جا سکتا ہے۔ اس سے بھی تحقیق کے مشن کو تقویت حاصل ہوگی۔ لہٰذا ایسی کوششیں بھی لائقِ تحسین ہیں۔ روشنی کی اس کرن سے ایک بڑی تاریکی کو دور کرنے میں مدد ملے گی۔

اس اعتراف کے باوجود کہ راقم الحروف کا تیار کردہ یہ اشاریہ بھی ہر طور سے مکمل نہیں

ہے انتھک کوششوں کے باوجود میری دسترس جہاں تک ہو سکی ہے وہاں تک معلومات فراہم کرائی جاسکی ہیں۔ سیکڑوں رسالے اور کتابیں دسترس سے باہر رہی ہیں۔ جو فراہم نہیں ہو سکیں وہ اس اشاریے میں شامل ہونے سے رہ گئی ہیں اور یہ سب کچھ اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب رسائل اور کتابوں کے مندرجات کا موضوع وار اشاریہ تیار ہو سکے تب ہی مکمل معلومات قارئین تک پہنچائی جاسکتی ہیں اور شخصیات پر تیار کیے گئے اشاریے بھی تب ہی مکمل کہے جاسکتے ہیں۔

اطلاعی تکنالوجی کے اس انقلابی دور میں جہاں دنیا کی دوسری زبانوں اور مضامین میں انقلاب آگیا ہے اردو تک اس کی دستک بھی نہیں پہنچ پائی ہے۔ انٹرنیٹ پر کچھ شائقین نے اپنی پسند کی تھوڑی بہت چیزیں ضرور ڈالی ہیں لیکن تحقیق و تدوین کے نقطۂ نظر سے وہ چیزیں بہت مددگار نہیں ہیں۔ اس سے کچھ استفادہ تو کیا جاسکتا ہے۔ لیکن کسی موضوع پر اعلیٰ پایے کا کوئی سنجیدہ کام نہیں ہو سکتا ہے جو حوالے کے طور پر کام آسکے یا جس سے محقق استفادہ کر کے تحقیق و تنقید کے کسی بڑے پروجیکٹ کو مکمل کر سکے۔ اردو والوں اور اردو اداروں کو اس طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ تب ہی اردو میں تحقیق و تنقید اور تدوین متن کی سطح پر کسی بڑے اور اہم کارنامے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ ورنہ مکھی پر مکھی مارنے کا کام سرکاری ادارے کے ذریعے اور نجی طور پر بھی تو انجام پا ہی رہا ہے۔

یوں تو اشاریہ سازی خود ہی ایک دشوار گذار کام ہے اور اس پر بھی مصنف اشاریہ۔ یہ تو اس سے بھی مشکل کام ہے۔ شخصیت جتنی بڑی، مرحلہ اتنا ہی دشوار۔ وسیع کینوس پر بکھری ہوئی معلومات کو یکجا کرنا اور اس پر قابو پانا سمندر میں غوطہ زن ہو کر ایک ایک سیپ نکالنے کے برابر ہے اور ضروری نہیں کہ ہر سیپ میں موتی بھی ہو۔

قرۃ العین حیدر پر اشاریہ سازی کا منصوبہ بناتے وقت مجھے ان مشکلات کا بخوبی اندازہ تھا۔ چوں کہ قرۃ العین حیدر ایک غیر معمولی شخصیت کی مالک ہیں اور دورِ جدید میں برصغیر پاک و ہند و بنگلہ دیش میں کوئی ادیب و تخلیق کار ان کے قد کے برابر نہیں ہے۔ انھوں نے صرف افسانے ناولٹ اور ناول ہی نہیں لکھے بلکہ بہت سے خاکے، مضامین، رپورتاژ، فلم ریویو، کتابوں پر تبصرے اور ان کے علاوہ صحافتی مضامین بھی لکھے ہیں۔ بچوں کی کہانیاں، اپنی تحریروں کے ساتھ ساتھ

دوسروں کی تحریروں کے تراجم بھی کیے ہیں۔ مضامین اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں لکھے ہیں۔ ہندوستان اور دنیا کی مختلف یونی ورسٹیوں میں بہت سے لکچرز دیے ہیں۔ ان کی زندگی کے اتنے مختلف رخ اور روپ ہیں کہ ان سب کا احاطہ کرنا بہت مشکل کام ہے۔ بین الاقوامی سطح پر پھیلی ہوئی معلومات کا سمیٹ پانا جوئے شیر لانے سے کم نہیں۔

چند سال قبل جب میں نے یہ کام شروع کیا تھا تو مرحومہ عینی آپا سے بھی اس کا تذکرہ کیا تھا۔ لیکن آپا اپنے بارے میں زیادہ کچھ بتانے سے قاصر تھیں۔ میں نے اپنی فراہم کردہ معلومات سے جب ان کو آگاہ کیا تو وہ حیران رہ گئیں کہ انھوں نے اپنے بارے میں کبھی اس طرح سے سوچا بھی نہیں تھا۔ اس لیے دیگر ادیبوں کی طرح ایک ایک معلومات جمع کر کے نہیں رکھیں۔ انھیں تو خود اپنے لکھے ہوئے مضامین اور افسانوں کی بھی صحیح اطلاع نہیں تھی اور نہ وہ سب کچھ جو میرے پاس تھا، ان کے پاس موجود تھیں۔ بقول مرحومہ، کبھی اس طرح سے سنبھال کر رکھنے کا خیال ہی پیدا نہیں ہوا۔ اس لیے بہت سی چیزیں گم ہوگئیں اور ان کا ڈھونڈھنا تقریباً ناممکن سا ہوگیا۔ افسانے، مضامین، انٹرویوز، رپورتاژ، تراجم، صحافتی مضامین کافی تعداد میں بکھرے پڑے ہیں۔ ہندوستان، پاکستان، لندن، امریکہ کے اخبارات و رسائل کی ورق گردانی کرنا اور انھیں تلاش کرنا کیا کوئی آسان کام ہے؟ تحقیق کا مسئلہ ہمیشہ ہی بے حد دشوار گزار رہا ہے اور کسی انسان کا تنہا سب کچھ تلاش کر پانا ایسی صورت میں ناممکن ہے۔ ہاں جب کبھی اردو میں سائنٹی فک طریقہ کار وضع ہو جائے گا تو شاید یہ ممکن العمل ہو سکے۔ فی الحال تو یوں ہی کام چلانا ہوگا۔

زیرِ مطالعہ اشاریہ قرۃ العین حیدر کی زندگی اور ادبی کارناموں پر محیط ہے اور جو ممکنہ اطلاعات فراہم ہو سکتی تھیں اسے حتی المقدور حاصل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ اشاریہ اس سمت میں ایک پیش قدمی ہے۔ نقشِ اول ہے، اسے ہر طور مکمل سمجھنا درست نہیں ہے۔ پھر بھی جتنی معلومات اس کتاب میں فراہم کی گئی ہیں وہ بھی اس طرح کہیں اور دستیاب نہیں۔ اس لحاظ سے یہ کتاب قرۃ العین حیدر پر معلومات و اطلاعات کا گنجینہ ہے۔

اُردو میں مختلف اشخاص پر بنائی گئی ببلو گرافی اور شخصی اشاریے سے یہ کتاب اپنی نوعیت اور معلومات کے اندراجات کے لحاظ سے بالکل مختلف ہے۔ ببلو گرافی اور شخصی اشاریے

ابھی تک جتنے بھی شائع ہوئے ہیں، ان میں صرف مصنف کی اور مصنف پر شائع شدہ مضامین کی فہرست دی گئی ہے۔ زندگی کی تمام تفصیلات ان میں درج نہیں ہیں۔ اس طرح کسی بھی مصنف کا آدھا ادھورا حصہ ہی ہمارے سامنے آتا ہے۔ اس کی نجی اور ادبی زندگی کا تفصیلی خاکہ مکمل صورت میں ہمارے سامنے نہیں آپاتا۔ زیر مطالعہ اشاریے میں زندگی کی تقریباً مکمل تصویر ہر پہلو سے ابھر کر سامنے آتی ہے۔

ہندوستان میں شخصیات پر اب تک چند اشاریے یا ببلو گرافی / کتابیات غالب، اقبال، پریم چند، ابوالکلام آزاد، مختارالدین احمد اور قاضی عبدالودود کی شائع ہوئی ہیں۔ ان میں ببلو گرافی زیادہ اور شخصی اشاریے کم ہیں۔ ببلو گرافی اور شخصی اشاریہ میں تھوڑا فرق ہے۔ ببلو گرافی کسی ایک موضوع پر مرتب کردہ، معلومات کی وہ فہرست ہے جس سے اس موضوع کے بارے میں مکمل واقفیت حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس موضوع پر حاصل تمام مضامین و کتب کی مکمل تفصیل ہوتی ہے تفصیل موضوعی اور الف بائی دونوں ہو سکتی ہے۔ اس کا کوئی متعین نظام نہیں ہے بلکہ مرتب کی صوابدید پر منحصر ہے۔ لیکن اشاریہ موضوع وار (یعنی موضوعاتی) ہونے کے ساتھ مختلف الموضوعات بھی ہوتا ہے۔ یعنی ایک اشاریے میں مختلف موضوعات ہو سکتے ہیں۔ لیکن ایک ببلو گرافی میں مختلف موضوعات نہیں ہو سکتے ہیں۔ یہ یک موضوعی ہوتا ہے۔ شخصی ببلو گرافی میں بھی مصنف کی اور مصنف پر شائع ہونے والے مضامین کی مکمل تفصیل ہوتی ہے۔ سوانحی و دیگر ادبی کوائف اس کے دائرے میں نہیں آتے۔ لیکن مصنف اشاریے میں اس شخص کی زندگی کی مکمل تفصیل ہوتی ہے۔ اس لیے اس کو میں نے 'زندگی نامہ' کا عنوان دیا ہے۔ یعنی سوانحی و ادبی کوائف کے علاوہ ببلو گرافی کا حصہ بھی اس میں شامل ہوتا ہے۔ اس لائف پروفائل میں زندگی کے ہر واقعے کی تفصیل اشاریوں میں سلسلہ وار درج کی جاتی ہے۔ اس طرح اس کی معلومات کا دائرہ زیادہ وسیع ہو جاتا ہے اور زندگی کے تمام واقعے، ایک ایک جزئیات کا اندراج اشاریے میں ممکن ہوتا ہے۔ یہ چیز بہت کچھ اشاریہ بنانے والے کی صلاحیت، صوابدید اور اس کے وسائل پر منحصر ہے چونکہ اردو میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا کام ہے اور اس صنف کی ابتدا بھی اس کتاب کے وجود کے ساتھ عمل میں آ رہی ہے۔ لہٰذا اس کا کوئی اصول یا خاکہ پہلے سے متعین نہیں ہے۔ میں نے اس

میں وہ لچک رکھی ہے جو اسے ببلوگرافی کے مقابلے میں زیادہ بامعنی، مفید اور کارآمد بناتی ہے۔ ممکن ہے اس میں بھی آگے چل کر نظریہ سازی اور اصول سازی کی ضرورت پیش آئے۔ پھر کوئی فریم ورک متعین کیا جا سکے۔ فی الوقت تو یہ کتاب اپنے آپ میں خود ایک نمونہ ہے۔ ایک نئی صنف اور نئے طرز کی ایجاد کا۔

اب تک شخصیات پر درج ذیل ببلوگرافی شائع ہو چکی ہیں۔ غالب پر پروفیسر نثار احمد فاروقی، ڈاکٹر انصار اللہ نظر، ڈاکٹر عبدالقوی دسنوی اور ابن قیصر، اقبال پر ڈاکٹر عبدالقوی دسنوی اور ایم حبیب خاں، پریم چند پر عبدالقوی دسنوی، قاضی عبدالودود اور مختار الدین احمد پر عطا خورشید کی ببلوگرافی شائع ہو چکی ہیں۔

پاکستان میں مقتدرہ قومی زبان نے منصوبہ بند طریقے سے کچھ شخصی اشاریے تیار کرائے ہیں جن میں بھی کل معلومات کا احاطہ اس سائنٹفک طریقے سے نہیں ہو سکا ہے۔ موجودہ صورت میں میرا تیار کردہ یہ اشاریہ ہندوستان و پاکستان میں تیار کیے گئے کسی بھی شخصی اشاریے سے بہتر اور سائنٹفک ہے۔ یہ بات میں پورے وثوق سے اس لیے کہہ رہا ہوں کہ وہ تمام اشاریے میری نظروں سے گذر چکے ہیں۔ جو اب تک شائع ہوئے ہیں۔ یہ کتاب اس میدان میں ایک نیا تجربہ ہے۔ ایک نئی فکر کے ساتھ۔ نقش اول کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش کی گئی ہے جس میں کئی سال لگے ہیں لیکن مزید امکانات خوب تر کے اس میدان میں ابھی بھی باقی ہیں ضرورت ہے غور و فکر کرنے والے ذہن کی۔ جس کی بھی کمی نہیں لہٰذا امید باقی ہے۔

میں نے جس طرح مختلف عنوانات کے تحت مصنف کی ایک ایک تفصیل تاریخ وار فراہم کی ہے وہ کسی بھی شخصی اشاریے میں نہیں دی گئی ہے۔ ہندوستان میں یہ اشاریہ ایک نمونہ ہے جو اس طرح کا کام کرنے والے کسی بھی فرد کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگا اور نظیر قائم کرے گا۔ اس اشاریے میں نجی معلومات کی تفصیل کے ساتھ ساتھ ادبی سفر کی داستان تک زندگی کے تمام رخ، ہر پہلو پر مختلف زاویے سے روشنی ڈالنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مجھے امید ہے کہ میری اس کتاب کو اردو کے دانشوروں میں پذیرائی حاصل ہوگی اور ہندوستان و پاکستان میں اس طرز پر شخصی اشاریہ بنانے کی روایت چل پڑے گی۔

(ٹھیک اُسی طرح جس طرح خاکسار کے تیار کردہ ''اشاریہ آجکل'' کی اشاعت کے بعد رسالوں کے اشاریہ کی روایت کو دونوں ملکوں میں فروغ حاصل ہوا۔اور یونیورسٹیوں کے شعبۂ اُردو نے بھی تحقیق کا موضوع بنایا اس طرح بہت سے رسالوں کے اشاریے تیار ہوئے جس سے محقق کو سہولت فراہم ہوئی ہے۔)

پھر محقق اور ادب کے طالب علم، معلومات کے اس بحر بے پایاں میں غوطہ زن ہو کر سیرابی حاصل کر سکیں گے۔

جو کچھ عرض کیا گیا ہے، امر واقعہ ہے، اگر کسی اہل علم کو اس میں تعلّی کا احساس ہو، تو میں بڑی عاجزی سے عرض کروں گا کہ میں نے شعوری طور پر اس سے احتراز کیا ہے۔

میں عطا خورشید اور اپنے دوست اشفاق احمد عارفی کا بے حد شکر گزار ہوں۔جن کی معاونت اور مشورے اس کتاب کی تیاری میں ہمیشہ حاصل رہے۔جس سے اس کتاب کو مزید مفید بنایا جاسکا ان افراد اور ادارے کا بھی میں شکرگزار ہوں جن سے وقتاً فوقتاً استفادہ کرتا رہا ہوں۔زیادتی ہوگی اگر میں اپنی بیگم اور بچوں کا شکریہ نہ ادا کروں۔جن کا تعاون ہر لمحے مجھے حاصل رہا۔اور نامساعد حالات میں بھی جس کی جبیں پر کبھی شکن نہیں آیا۔مسکرا کر ہمیشہ حوصلہ دیا تاریخ ادب کو بھی ان کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

جمیل اختر

آغاز وانجام

پیدائشی نام : نیلوفر۔تو تا بھی کہتے تھے۔بعد کچھ مدت کے خالو میر افضل علی نے 'نیلوفر
منسوخ فرما کر زریں تاج طاہرہ کے اسم گرامی پر قرۃ العین حیدر رکھا۔
(ق۔ح۔کار جہاں دراز ہے، اوّل، ص 302)

عرفی نام : عینی بی بی، (عینی نام جمہوریہ تاجکستان کے عظیم ادیب وشاعر صدرالدین
عینی کے نام پر رکھا گیا جو 1878 میں پیدا ہوئے تھے اور جن کے ناول
''بخارا'' کو کافی شہرت ملی)

مستقل نام : قرۃ العین حیدر (ایران کی نڈر، بے باک، جاں باز اور سرفروش مجاہدہ
قرۃ العین حیدر طاہرہ کے نام پر قرۃ العین حیدر رکھا گیا۔

قلمی نام : لالہ رُخ (پہلی تخلیق اسی نام سے شائع ہوئی۔یہ نام چچا مشتاق احمد زاہدی
کا تجویز کردہ تھا بعد میں صرف قرۃ العین حیدر کے نام سے لکھتی رہیں۔

تاریخ پیدائش : 20/جنوری 1927

مقام پیدائش : علی گڑھ

اذان واقامت : حسنین ماموں اور الن ماموں نے اذان واقامت دی۔

جو زندہ ہے وہ موت کی تکلیف سہے گا
جب احمد مرسلؐ نہ رہے کون رہے گا

وطن	:	نہٹور۔یوپی
پاکستان ہجرت	:	دسمبر 1947
قیام اوّل	:	لاہور (عارضی)
مستقل قیام	:	کراچی (بڑے بھائی کے ساتھ)
ہندوستان واپسی	:	1960
قیام ممبئی	:	2 گراؤنڈ فلور، آشا محل، نیروجی گماڈیا روڈ، بمبئی۔26
قیام دلّی	:	ذاکر باغ (کچھ سالوں تک)
مستقل سکونت	:	E-55، سیکٹر 21، نوئیڈا، یوپی
وفات	:	21/اگست 2007
وقت	:	3.30 بجے شب
مقام	:	کیلاش ہاسپٹل، نوئیڈا، یوپی
تدفین	:	جامعہ ملیہ اسلامیہ (قبرستان)

اس قبرستان میں علم و ادب اور سیاست کی برگزیدہ شخصیات مدفون ہیں۔ بریگیڈیر عثمان، ہمایوں کبیر، شفیق احمد قدوائی، عابد علی خاں، صالحہ عابد حسین، مختار احمد انصاری، بیگم انیس قدوائی (رفیع احمد قدوائی کی بھاوج) سجاد ظہیر، رضیہ سجاد ظہیر، پروفیسر نورالحسن، غلام السیدین اور غلام الثقلین کے درمیان مدفون ہوئیں۔

نماز جنازہ : جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جامع مسجد کے میدان میں، بعد نماز عصر ہوئی۔ جنازہ کی نماز دو مسلک اہل سنت اور اہل تشیع کے مطابق ہوئی۔ کچھ لوگ دونوں میں شریک ہوئے۔

تصویر قرۃ العین حیدر Sketch حنیف رائے (ماہنامہ شاعر)

والد

والد	:	سید سجاد حیدر یلدرم
تاریخ پیدائش	:	1880
بمقام	:	جھانسی
شادی	:	1912 (مراد آباد کے ایک معزز سید خاندان کی لڑکی بنت نذر الباقر سے کوہاٹ میں ہوئی)
رہائش	:	21، فیض آباد روڈ، لکھنؤ
وفات	:	11/اپریل، 1943 (بمقام لکھنؤ)
تدفین	:	چمن خاص، عیش باغ، لکھنؤ
ادبی حیثیت	:	بلند پایہ افسانہ نگار، صاحب طرز انشاء پرداز، قابل رشک مترجم، شاعر، رومانیت کے بانی، مختصر افسانہ کے باوا آدم
افسانوی مجموعہ	:	خیالستان
		حکایات واحساسات

والد محترم سید سجاد حیدر یلدرمؔ

والدہ

والدہ : نذر سجاد حیدر (شادی سے پہلے نام: نذر الباقر، نذر زہرا بیگم)

تاریخ پیدائش : 1892

شادی : 1912

(معزز سید خاندان کے لڑکے سید سجاد حیدر یلدرم سے کوہاٹ میں ہوئی)

نذر زہرا نذر حیدر ہوگئیں
نذر بی بی نذر شوہر ہوگئیں

پاکستان ہجرت : دسمبر 1947

ہندوستان واپسی : 1960

سکونت : 2 گراؤنڈ فلور، آشا محل، نیرو جی گماڈیا روڈ، ممبئی۔26

وفات : 19/اکتوبر 1967

تدفین : رحمت آباد، بائی کلہ، ممبئی

ادبی حیثیت : نثر نگار، ناول نگار، افسانہ نگار

ناول : اختر النساء بیگم، آہ مظلوماں، حرماں نصیب، جانباز، نجمہ، مذہب اور عشق

والدہ محترمہ۔ نذر سجاد حیدر

قسط وار مضمون : ایام گذشتہ

سماجی خدمت : لڑکیوں کی تعلیم سے دلچسپی، دہرہ دون میں لڑکیوں کے لیے ایک انگریزی اسکول قائم کیا۔ اس کے علاوہ مسلم گرلز اسکول علی گڑھ، کرامت حسین گرلز اسکول لکھنؤ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔

نذر سجّاد حیدر، عینی و مصطفےٰ حیدر

اجداد

پردادا : امیر احمد علی

دادا : خان بہادر سید جلال الدین حیدر

نانا خان بہادر سید نذر الباقر

دادا: خان بہادر سید جلال الدین حیدر

نانا: خان بہادر سید نذر الباقر

قرۃ العین حیدر کا شجرۂ نسب

حضرت زین العابدین علیہ السلام

↓

زید شہید

↓

سید حسین ذوالدمعہ

↓

سید عمر

↓

سید احمد محدث

↓

ابو عبداللہ

↓

سید حسین
سید علی زید
سید عبداللہ
سید ابوطاہر
سید طاہر
سید عبداللہ
سید ابوبکر
سید عثمان ترمذی
سید کمال الدین ترمذی
حسام الدین
ملک سید ابراہیم
نصیر الدین
علیم الدین اوّل
سید جلال الدین غازی
سید اشرف گنج بخش
سید احمد
سید محمد
سید محمود
سید حسن عسکری

قرۃالعین حیدر کا شجرۂ نسب
سید ضیاءالدین
میر حسن
سید عارف
جاوید دولت
سید علی گھوڑا بخش
سید محمد علی نقی
عبدالمطلب
بہادر علی
قادر علی
نادر علی
انور علی
منور علی
آخوند امام بخش
علی بخش
نبی النساء
اللہ بندی
بندے علی
احمد علی
غلام حیدر
حسین حیدر
کرار حیدر
سید جلال الدین حیدر
سید اعجاز حیدر
سیدہ صغریٰ فاطمہ
سید سجاد حیدر یلدرم
نصیرالدین حیدر
وحید الدین حیدر
فلک اختر
جواد
شہزاد
گل رعنا
مصطفیٰ حیدر
قرۃالعین حیدر

قرۃ العین حیدر کا سلسلۂ نسب بائیس واسطوں سے
زید شہید ابن سید زین العابدین سے ملتا ہے۔

بچپن

قرۃ العین حیدر کا بچپن

قرۃ العین حیدر کا بچپن مختلف مقامات پر گذرا، علی گڑھ، دہرہ دون، اٹاوہ، غازی پور، نہٹور، شاہ جہاں آباد، لاہور، الموڑہ، نینی تال، مرادآباد، جزائر انڈمان نکوبار

رشتے دار

☆ سید آل حسنین

قرۃ العین حیدر کے ماموں

میر نذر الباقر کے چھوٹے بھائی سید ظہور حسنین کے بیٹے

☆ اچھو (خالدہ حیدر)

قرۃ العین حیدر کی چچا زاد بہن۔نصیر الدین حیدر اور وحیدہ بیگم کی بیٹی۔

امتیاز احمد انصاری کی شریک حیات،

''اچھو جو کہ میری دوست فلسفی اور رہبر تھیں'' (کار جہاں دراز ہے اوّل ص233)

☆ احمد علی

قرۃ العین حیدر کے دادا سید جلال الدین حیدر کے والد

☆ سید اعجاز حیدر

قرۃ العین حیدر کے چچا

☆ سید اعزاز حیدر (منے میاں)

قرۃ العین حیدر کے چچازاد بھائی -سید اعجاز حیدر کے بیٹے۔

☆ میر افضل علی

قرۃ العین حیدر کے خالو۔ثروت آرا کے شوہر نذر سجاد حیدر کے پھوپھی زاد بھائی اور بہنوئی۔اکبری بیگم مصنفہ 'گودڑ کالال' کے بیٹے۔

☆ اکبری بیگم

قرۃ العین حیدر کے نانا میر نذر الباقر کی بہن، والدہ میر افضل علی، میر فضل علی کی شریک حیات۔

عباس مرتضٰی اور والدہ افضل علی کے فرضی ناموں سے اُردو میں ناول لکھے:-

گلدستۂ محبت (عباس مرتضٰی مردانہ نام سے)

گودڑ کالال۔1907

شعلہ پنہاں

عفت نسواں

پیام قیس

☆ الن ماموں (سید تہور علی نقوی)

قرۃ العین حیدر کے ماموں۔خان بہادر ڈپٹی اصغر علی کے بیٹے۔

ہمارے نانا کے دو کزن، جنھیں اماں لڈن چچا اور الن چچا
پکارتی تھیں گو عمر میں بہت کم تھے۔

(کار جہاں سوم،ص 247)

☆ لڈن ماموں (سید غضنفر علی نقوی)

قرۃ العین حیدر کے بڑے ماموں

☆ سید انعام اللہ شاہ

انعام اللہ سے کوئی خونی رشتہ نہ تھا۔ مگر اس گھرانے پر جان نثار کرتے تھے۔ اُن کے حقیقی چچا شمس العلما پروفیسر میر حسن سیالکوٹی (علامہ اقبال کے اُستاد) نذر بیگم، مصطفےٰ باقر ثروت آرا کے دادا اور میر افضل علی کے نانا اور میر اظہر علی کے دوست۔

(کارِ جہاں دراز ہے، اوّل، ص 231)

انعام اللہ ماموں نے لاہور سے اخبار دورِ جدید جاری کیا تھا جسے وہ خود ایڈیٹ کرتے تھے۔ اپنا پریس قائم کر رکھا تھا۔ جہاں سے اماں کا ناول "مذہب اور عشق" شائع کیا تھا۔ اس ناول کا قصہ ایک تہلکہ خیز اور ناکام ہندو مسلم رومان پر مبنی تھا۔ اماں اس نامور خاندان سے واقف تھیں۔ اس وجہ سے اپنی پھوپھی والدہ افضل علی کے نام سے کتاب لکھی تھی۔

(کارِ جہاں دراز ہے، اوّل، ص 320)

☆ حمیرا خاتون (آپا حُمن)

قرۃ العین حیدر کی چچا زاد بہن۔ نصیر الدین حیدر اور وحیدہ بیگم کی بیٹی۔ جری احمد سید کی شریکِ حیات۔

☆ زہرا حیدر

قرۃ العین حیدر کی چچا زاد بہن۔ نصیر الدین حیدر اور وحیدہ بیگم کی بیٹی۔ قرۃ العین حیدر نے اپنا ناول "آگ کا دریا" زہرا حیدر کے نام معنون کیا ہے۔

☆ سید صغیر حسین

قرۃ العین حیدر کے دادا سید جلال الدین حیدر کی ہمشیرہ امِّ سید کے شوہر سجاد حیدر یلدرم کے پھوپھا۔

☆ سید ظہور حسنین

قرۃ العین حیدر کے نانا میر نذر الباقر کے چھوٹے بھائی یلدرم کے چچا

☆ سید عثمان حیدر

قرۃ العین حیدر کی پھوپھی صغرا فاطمہ (زوجہ برہان حیدر) کا بیٹا

☆ میر فیض العسکری

قرۃ العین حیدر کے نانا نذر الباقر کے بڑے بھائی

☆ میر قائم علی

قرۃ العین حیدر کے نانا نذر الباقر کے دادا

☆ سید مصطفےٰ حیدر (چھبّو جی)

قرۃ العین حیدر کے بڑے بھائی نذر حیدر کی چچازاد بہن بیگم شبیہہ زہرا چھبّو جی کہلاتی تھیں۔انھوں نے سید مصطفےٰ حیدر کو اپنا بیٹا بنایا تھا اس لیے وہ چھبّو جی کہلاتے تھے۔

(دامان باغبان،ص70)

☆ عاصمہ بیگم

قرۃ العین حیدر کی بھابھی سید مصطفےٰ حیدر کی بیگم۔ان کی سات اولادیں ہوئیں۔

نورالدین،شہناز،ناہید،جلال حیدر،عدنان،منصور،سجاد حیدر

قرۃ العین حیدر نے اپنا سوانحی ناول ''کارِ جہاں دراز ہے'' اپنے بڑے بھائی کی ہونہار اولاد کے نام معنون کیا ہے۔

☆ مصطفائی بیگم

قرۃ العین حیدر کی نانی

☆ میر مظہر علی

قرۃ العین حیدر کے نانا نذر الباقر کے والد

☆ میر معصوم علی

قرۃ العین حیدر کے نانا نذر الباقر کے جد بزرگ (پڑ دادا) مصنف ''انشائے معصوم'' ان کی ادبی صلاحیت ان کی پڑپوتی اکبری بیگم والدہ افضل علی مصنفہ ''گودڑ کا لال''، میر افضل علی مصنف ''تخیلات''، اور پڑپوتی نذر سجاد حیدر نے ورثے میں حاصل کی۔

(کفِ گل فروش اوّل، ص 31)

☆ میر نذر الباقر

قرۃ العین حیدر کے نانا۔ نذر زہرا کے والد اور میر مظہر علی کے لڑکے۔

☆ سید نصیر الدین حیدر

قرۃ العین حیدر کے منجھلے چچا، یلدرم کے منجھلے بھائی ان کی شریک حیات وحید بیگم تھیں۔

ان دونوں کی اولاد یہ ہیں:

حمیرا (مُحسن) بیگم جری احمد سید
عذرا بیگم سعد سعید الدین حیدر
زہرا بیگم جرار حیدر
خالدہ (اچھو) بیگم امتیاز احمد انصاری
ظہیر حیدر (اچھے)
صلاح الدین (پارے)

☆ سید وحید الدین حیدر

قرۃ العین حیدر کے چچا، یلدرم کے چھوٹے بھائی ان کی شریک حیات فاطمہ صغرا ہیں۔

اولاد: سید سعید الدین (زوجہ عذرا خاتون بنت نصیر الدین حیدر) اصغر رشید حیدر۔

☆ میجر وہاج الدین مرزا

ڈاکٹر مرزا نذر سجاد حیدر اور ان کی بھاوج بیگم آل حسنین کے منہ بولے بھائی تھے۔ اور ان کی شادی سجاد حیدر نے لکھنؤ میں طے کروائی تھی۔

(کفِ گل فروش، اوّل، ص 106)

☆ ہما حیدر

قرۃ العین حیدر کے چچا سید نصیر الدین حیدر اور وحیدہ بیگم کی نواسی قرۃ العین حیدر کی چچازاد بہن زہرا حیدر کی بیٹی۔ ان کی شادی رفیع الحسن الہ آباد سے ہوئی۔ ان کے دو لڑکے سیف اور صہیب ہیں۔ سیف ڈراما نویس ہیں اور صہیب ٹی وی سیریل ڈراموں میں کام کر رہے ہیں۔ ہما اب اس دنیا میں نہیں ہیں۔

ملازمین

عبدل

برطانوی ہند کے افلاس زدہ پس ماندہ ضلع غازی پور کے باشندے جن کے آبا واجداد غازی پور میں فرنگی حاکموں کے اور نیل کے پلانٹرز کے پاس بیرہ گری کے فرائض انجام دیتے آئے تھے۔ عبدل نے بھی باپ دادا کے پیشے کو جو انھیں وراثت میں ملا تھا اپنا ذریعہ معاش بنایا تھا۔ خوش مزاج، گول مٹول چہرہ جس پر ایک پراسراری مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ ملازموں کے عملے کے ہیڈ۔ شاید اس لیے سردار کہلاتے تھے۔

جمنا پانڈے

ذات کے برہمن تھے۔ مہاراج کے نام سے پکارے جاتے تھے۔ صورت وشکل، عادات وخصائل کے لحاظ سے "سردار" کا برہمن ایڈیشن"۔ لب ولہجہ باوقار تھا۔ عبدل کی طرح یہ بھی خوش مزاج تھے۔

بشیر خاں ڈرائیور

اپنے پیشے کے ماہر، گاڑی طویل سفر سے جب منزل پر پہنچتی تو اس کے انجن کو یوں تھپتھپاتے جیسے انجن نہ ہو بلکہ وفادار گھوڑے کی گردن ہو۔ گھر سے متصل ایک کاٹج میں ان کا قیام

تھا۔ سجاد حیدر کا جہاں بھی قیام ہوتا اس شہر کی خبریں سن کر آتے اور نذر سجاد اور بچوں کو سناتے قرۃ العین حیدر نے انھیں 'شہر خبرؤ' لکھا ہے۔

ہالڈر

قرۃ العین حیدر کا آخری ڈرائیور۔ پورا نام رشی کیش ہالڈر ہے۔ 1996 سے آخری دم تک ساتھ رہے۔

امینہ خاتون

بہار کی رہنے والی تھی گھر کے کام کاج کرتی تھی۔ پورے دن رہتی تھی۔

ریحانہ

ملازمہ خاص تھی۔ کھانا بنانا اور قرۃ العین حیدر کی دیکھ بھال کرنا اس کا کام تھا۔ اس کا کردار ملازمہ اور معاون دونوں کا تھا۔ آخری وقت تک ساتھ رہی۔ اُسی مکان میں شوہر کے ساتھ رہتی تھی۔ اس کے بچوں کا نام قرۃ العین حیدر نے رکھا ہے۔

نور جہاں

قصبہ ردولی ضلع بارہ بنکی کی رہنے والی ہیں۔ ان کی حیثیت گھریلو ملازمہ کی تھی۔ شوہر کے انتقال کے بعد بچوں کی پرورش کے لیے یہ پیشہ اختیار کیا۔ آخری وقت تک ساتھ رہیں۔

قدیر خاں

سجاد حیدر کے ڈرائیور ان کو فوٹو گرافی کا بہت شوق تھا افرادِ خانہ کی بہت سی تصویریں جو کف گل فروش میں شامل ہیں ان کی کھینچی ہوئی ہے۔

ادبی معاون

ڈاکٹر مجیب احمد خاں

قرۃ العین حیدر خرابی صحت اور آنکھوں کی بینائی ضائع ہونے کے سبب جب لکھنے پڑھنے سے معذور ہو گئیں تو انھوں نے اپنے علمی سفر کو جاری رکھنے کے لیے آخری دم تک ادبی معاون کا سہارا لیا۔ڈاکٹر مجیب احمد خاں ان کے پہلے ادبی معاون ہیں۔جو کافی عرصے تک قرۃ العین حیدر کے ساتھ رہے۔درمیان میں کسی وجہ سے کچھ دنوں تک ان کی غیر حاضری میں راشد احمد نے معاون کے فرائض انجام دیئے یعنی راشد احمد سے پہلے اور راشد کے بعد یعنی مرتے دم تک ڈاکٹر مجیب احمد خاں قرۃ العین حیدر کے معاون رہے ہیں۔

ڈاکٹر راشد احمد

ڈاکٹر مجیب احمد خاں کے بعد قرۃ العین حیدر کے دوسرے ادبی معاون راشد احمد ہیں۔جو لکھنے پڑھنے میں قرۃ العین حیدر کی مدد کرتے تھے۔صبح سے شام تک ان کے ساتھ رہتے تھے۔راشد احمد قرۃ العین حیدر کے ساتھ تقریباً تین چار سال تک رہے۔انھوں نے JNU سے اُردو میں پی ایچ ڈی کی تھی۔

محمد حامد

قرۃ العین حیدر کے خوش نویس، کف گل فروش کی کتابت کی تھی۔ ضلع بستی کے رہنے والے تھے۔ مدرسہ انوار العلوم پرسا عماد ضلع بستی سے عالم کی سند حاصل کی تھی۔ اُردو کے اداروں میں خوش نویسی کی اور نامور ادیبوں کی کتابوں کی کتابت بھی کی۔

گھروں کے مختلف نام

بڑا بنگلہ

ہمارا مکان جو بڑا بنگلہ کہلاتا تھا۔اونچے چوبی کھمبوں پر استادہ ایک سرسبز پہاڑی پر جھلملاتا ہے۔سامنے ربڑ کے درختوں کا جھرمٹ ہے۔ پہاڑی پر چھالیہ اور کاجو کے درخت سرسراتے ہیں۔ برآمدے کے خلیجی دریچوں سے سمندر نظر آتا ہے۔

جادوگھر

سجاد حیدر یلدرم جب غازی آباد میں تھے اس وقت ان کا قیام جس گھر میں تھا اسے جادوگھر کہا جاتا تھا۔اس قیام گاہ کو اس نام سے موسوم کرنے کے تعلق سے قرۃ العین حیدر نے اپنا یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ چونکہ مدتوں قبل وہاں فری میشن فرنگی اپنے پراسرار ڈنر کھایا کرتے تھے اسی لیے عام نیٹو اسے ''جادوگھر'' کے نام سے یاد کرتے تھے۔

آشیانہ

یہ سجاد حیدر کا بنوایا ہوا اپنا مکان تھا۔ جسے دہرہ دون میں انھوں نے تعمیر کروایا تھا۔

ٹھاٹھ بنگلہ

یہ قرۃ العین حیدر کے چچا کے مکان کا نام تھا۔ جہاں بچپن کا کچھ وقت انھوں نے اپنی چچازاد بہن اور بھائی (اچھو اور پارے) کے ساتھ گذارا تھا۔

۶۳

بیکٹ ہاؤس المورہ جائے قیام سید نصیر الدین حیدر ۔ ۱۹۳۲ — ۱۹۳۵

بیکٹ ہاؤس

المورہ کے گھر کا نام 'بیکٹ ہاؤس' تھا۔ جہاں قرۃ العین حیدر کا بچپن گزرا تھا۔ گرمیوں کے زمانے میں اس میں مستقل اودھم کی وجہ سے ایک زلزلہ سا آیا رہتا تھا۔ 'بیکٹ ہاؤس' کی طویل گیلری کے دونوں طرف بڑے بڑے اور روشن کمرے تھے جن کی سفید چوکھٹوں والے دریچوں پر گلاب کی بیلیں چڑھی تھیں۔ گیلری کے پچھلے سرے پر بچوں کا کمرہ تھا۔ جس کے دریچے کے نیچے رنگ برنگے پھول کھلے تھے۔ یہ چچا نصیر الدین حیدر کی جائے قیام تھا۔

نور منزل

علی گڑھ میں قرۃ العین حیدر کی چچی وحیدہ کا مکان جہاں وہ اپنے بچوں کی تعلیم کے سلسلے میں مقیم تھیں۔ 'نور منزل' میں چھوڑ کر جاتے ہوئے سجاد حیدر یلدرم نے اپنی بھاوج سے کہا تھا کہ:

"اب آپ ان کو اسکول میں داخل کر دیجیے"

اور ان سے یہ کہہ کر گئے تھے کہ:

اب آپ خوب جی لگا کر پڑھیے۔

خیاباں نوتعمیر کوٹھی سید نصیر الدین حیدر، جس میں آباد ہونے کے بجائے یہ کنبہ ۱۹۴۸ میں پاکستان چلا گیا

خیاباں

چچا سید نصیر الدین حیدر کی نوتعمیر کوٹھی جس میں آباد ہونے کے بجائے یہ کنبہ 1948 میں پاکستان چلا گیا۔ محض ایک بیٹی زہرا اوران کے شوہر سید جرار حیدر مع والدین سید نثار حیدر زیدی و حمیدہ بیگم نے ہجرت نہیں کی۔ سید جرار حیدر ایک راسخ العقیدہ لفٹ ونگ نیشنلسٹ تھے۔

(کف گل فروش اوّل، ص50)

ہل ویو

مسوری میں یلدرم کی جائے قیام جہاں یلدرم بحیثیت اسسٹنٹ پولیٹکل ایجنٹ برائے سردار محمد یعقوب خاں سابق امیر افغانستان ہر سال چھ مہینے قیام کرتے تھے۔ امیر افغانستان کو تیسری افغان وار کے بعد حکومت برطانیہ نے دہرہ دون میں نظر بند کر رکھا تھا۔ امیر یعقوب خاں اپنی جوانی میں سارے ایشیا میں ایک باغی اور رومینٹک شہزادہ مشہور تھے۔ نیاز فتح پوری اور سرفراز حسین عزمی "ہل ویو" میں یلدرم کے مہمان رہتے تھے۔

(کف گل فروش ص26)

روز یٹا ہاؤس

ایبٹ آباد (صوبہ سرحد) نومبر 1928

عیش باغ (21 فیض آباد روڈ لکھنؤ)

1939 سے 1943 تک یلدرم کی جائے قیام۔ جو آخری جائے قیام ثابت ہوا۔ یلدرم نے 11 / اپریل 1943 کو یہیں وفات پائی۔ اور چمن خاص عیش باغ میں تدفین عمل میں آئی۔

آشا محل بمبئی

آشا محل گماڈیہ روڈ نزد وارڈن روڈ بمبئی جو اٹھارہ سال تک قرۃ العین حیدر کی جائے قیام رہی۔

ذاکر باغ، نئی دہلی

دلّی میں قرۃ العین حیدر کی پہلی جائے قیام جہاں انھوں نے تقریباً دس برس گزارے تھے۔

جے 140 جل وہار نوئیڈا

قرۃ العین حیدر کی نوئیڈا کی پہلی جائے قیام۔ دلّی سے متصل اتر پردیش کا نیا شہر نوئیڈا کے نام سے بسایا گیا۔ ذاکر باغ کے بعد قرۃ العین حیدر دلّی سے نوئیڈا منتقل ہو گئیں۔ اور سیکٹر 120 کے جل وہار کے فلیٹ کی پہلی منزل پر اپنا آشیانہ سجایا۔

E55 نوئیڈا

قرۃ العین حیدر کی آخری رہائش گاہ۔ یہاں مرحومہ نے زندگی کے چند سال گزارے۔ (یہ مکان سیکٹر 121 میں گراؤنڈ فلور پر تھا۔ سیڑھیاں چڑھنے میں دشواری کے سبب پہلی منزل سے گراؤنڈ فلور پر منتقل ہوئیں۔)

خاص احباب

☆ ای نڈ (نڈرے) (جہاں آرا جدون)

قرۃالعین حیدر کی کالج کے زمانے کی دوست۔ خوشحال خاں جدون سے شادی کر کے پاکستان چلی گئیں۔ کیلاش ہوسٹل لکھنؤ کا گینگ آف فور میں سے 'ایک' باقی تین:

ق۔ ح، آصف جلیل اور شکیلہ (کف گل فروش اوّل، ص ۱۴۱)

☆ امینہ احمد / آہوجا

قرۃ العین حیدر کی بچپن کی سہیلی۔ نورالدین احمد دہلوی اور بیگم برتھا (بلقیس) کی بیٹی۔ مشتاق احمد زاہدی کی پوتی۔ (ہندوستان کی منفرد مصور امینہ عکس) نے جو خود اس داستان (کار جہاں) میں شامل ہیں گردپوش کا اسکیچ نیویارک سے تیار کر کے بھیجا۔ (کار جہاں -- اوّل ص ۱۵)

☆ شکنتلا جسپال

قرۃ العین حیدر کی بچپن کی سہیلی شکنتلا جسپال کپورتھلہ کے راج گھرانے سے تعلق رکھتی تھیں۔ مسز بلونت سنگھ جسپال کی گرو ماتا انندمئی ماں نے پیشن گوئی کی تھی کہ شکنتلا بڑی ہو کر ایک مسلمان سے شادی کرے گی۔ ایسا ہی ہوا۔ 1945ء میں شکنتلا مسز انور جمال قدوائی بنیں۔
(کف گل فروش اوّل، ص 94 اور 127)

☆ کملا جسپال

قرۃ العین حیدر کی بچپن کی سہیلی کملا جسپال ایک بے حد ذہین خاتون تھیں اور میری گرو بنی ہوئی تھیں۔ میں ان کی چیلی (ق۔ح)

تعلیم

1- دہرہ دون کے ایک کانونٹ اسکول کی ابتدائی کلاس میں داخل ہوئیں۔

2- گرلز کالج علی گڑھ میں ٹسٹ کے بعد تیسری کلاس میں داخلہ ہوا۔ لیکن صرف ایک ماہ بعد اردو فلم کا ایک سین جس میں ایک بچی موٹر کے نیچے آکر مر جاتی ہے کو دیکھ کر بھائی افضل علی (قرۃ العین حیدر کے خالو) کے کہنے پر کہ بی بی کو فوراً بلا لیجیے کہیں وہ بھی نہ مر جائے والدہ نے عینی کو علی گڑھ سے لاہور بلوالیا۔

3- لاہور میں گھر پر ایک ماسٹر سے کچھ دنوں تک ٹیوشن پڑھا۔

4- پھر لاہور سے لکھنؤ آئیں اور لکھنؤ میں گھر پر ماسٹر رکھ کر کچھ دنوں تک ٹیوشن پڑھا۔

5- کرامت حسین گرلز کالج لکھنؤ میں تیسری اور پانچویں کلاس میں داخلہ ہوا۔ اسکول کے انتہائی پردے والے ماحول کی وجہ سے دو ہفتے بعد (قرۃ العین نے) اسکول جانے سے منع کر دیا۔

6- سینٹ ایگنیز (St. Agnes) میں پھر داخلہ ہوا۔ دینیات اور قرآن پڑھانے کے لیے گھر پر مولوی رکھے گئے۔

7- لکھنؤ میں ماسٹر پریتی سنگھ شریواستوا کے اسکول میں داخلہ لیا۔ اور یہیں سے بنارس

جا کر میٹرک کا امتحان دیا۔ (لکھنؤ میں ان کا وہ اسکول اب مہاتما گاندھی گرلس کالج کہلاتا ہے) کیوں کہ بنارس یونیورسٹی میں لڑکیوں کے لیے ریاضی لازمی مضمون نہیں تھا۔ اس کے بجائے انھوں نے ہندوستانی موسیقی کا مضمون لیا جو میرس کالج آف ہندوستانی میوزک لکھنؤ کے سیکنڈ ایئر کے کورس کے برابر تھا۔ جس میں ستار، گائیکی، تھیوری آف میوزک کے تین الگ الگ پرچے شامل تھے۔ مئی 1941 میں سیکنڈ ڈویژن اور اردو میں ڈسٹنکشن کے ساتھ میٹرک پاس کیا اور بنارس یونیورسٹی کی دوسری سب سے کم عمر طالب علم کا امتیاز بھی حاصل کیا۔

8- جولائی 1941 میں ازابلا تھوبرن کالج لکھنؤ میں داخلہ لیا اور انگلش، اردو اقتصادیات اور سوکس (Civics) کے ساتھ الٰہ آباد بورڈ آف ہائر سکنڈری ایجوکیشن سے انٹرمیڈیٹ کا امتحان سکنڈ ڈویژن میں پاس کیا اس کے ساتھ ہی پیانو میں مغربی کلاسیکل موسیقی کے کچھ استعداد بھی حاصل کیے۔

9- اندر پرست کالج دلی سے 1945 میں بی اے کیا۔ مضامین میں یوروپین اور مغلیہ تواریخ اور اقتصادیات کے علاوہ ایک لازمی پرچہ اردو کا بھی شامل تھا۔

10- ایم اے میں دلی یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ لیکن کچھ دنوں بعد چھوڑ دیا۔ پھر لکھنؤ کا رخ کیا اور لکھنؤ یونیورسٹی سے 1947 میں ایم اے سکنڈ کلاس سے پاس کیا۔

11- 1952 میں کیمبرج یونیورسٹی کے ایک سمر اسکول میں جدید انگریزی ادب کا مختصر کورس کیا۔ اس کورس میں انگلستان کے چند عظیم ترین ادیب اور شاعر خود آ کر لکچر دیتے تھے۔ ان میں ای، ایم فاسٹر بھی شامل تھے اور ان سب سے بات چیت کا موقع ملتا تھا۔

آرٹ کی تعلیم

1- گورنمنٹ اسکول آف آرٹ لکھنؤ میں صرف چند مہینے مشہور اور نامور آرٹسٹ ایل۔ ایم سین کی نگرانی میں کام کیا۔ اور ان سے جاپانی بنگالی واش تکنیک سیکھی

2- ہیڈر لیز اسکول آف آرٹ لندن میں داخلہ لیا جہاں یہ واحد ایشیائی خاتون طالب علم

تھیں۔ یہاں کچھ عرصے لائیو کلاس میں رہیں۔ یہیں پنچ تنتر کے السٹریشن کی 1954 میں نمائش ہوئی۔ پنچ تنتر کی ایک حکایت بارہ تصاویر میں مصور کی۔

لکھنؤ کی ایک کہارن۔ (واٹر کلر۔ عمل: مصنف)

موسیقی

1- اسکولوں میں ہندوستانی کلاسیکل موسیقی اور مغربی موسیقی کی تعلیم حاصل کی۔ موسیقی کے نابینا استاد سورج بخش سریواستوا سے کلاسیکل موسیقی سیکھی۔

2- پیانو میں مغربی کلاسیکل موسیقی کے کچھ استعداد ازابلا تھوبرن کالج لکھنؤ میں انٹرمیڈیٹ کے دوران حاصل کیے۔ پاکستان میں ایف ایکس فرنانڈیز سے پیانو سیکھا۔ دہرہ دون اور لکھنؤ کے کانونٹ اسکولوں میں اس کی ابتدائی معلومات حاصل

کر چکی تھیں اب آگے کی مزید تعلیم مسٹر فرنانڈیز سے حاصل کی۔ ہندوستان میں اوین جونز پیانو کے استاد تھے جنھوں نے کہا تھا کہ پیانوں کی پریکٹس کبھی نہ چھوڑنا۔

3- بیکر اسٹریٹ لندن کے ایک میوزک اسکول میں شام کی کلاس میں داخلہ لیا اور ساتویں گریڈ تک پیانو کی تعلیم حاصل کی۔ لیکن یہ بھی دوسری مصروفیات کی وجہ سے Unfinished Symphony رہی۔

صحافت کی تعلیم

1- ریجنٹ اسٹریٹ پولی ٹیکنیک لندن کے ایک سالہ ڈپلوما کورس میں داخلہ لیا لیکن کورس مکمل نہیں کیا اور بیچ میں ہی چھوڑ دیا۔

2- اسی پولی ٹیکنک میں پھر فرنچ میں بھی داخلہ لیا۔ لیکن کچھ دنوں کے بعد اسے بھی چھوڑ دیا۔

دستاویزی فلم سازی

1- امریکن ایڈوائزر سے دستاویزی فلم سازی اور اسکرپٹ رائٹنگ کی ٹریننگ لی اور متعدد دستاویزی فلمیں بنائیں۔

مشغولیات زندگی

مشغولیات زندگی

-1	انفارمیشن آفیسر، وزارت اطلاعات ونشریات،	
	(محکمہ اشتہارات وفلمیات) پاکستان	1951
-2	ایکٹنگ پریس اتاشی پاکستانی ہائی کمیشن، لندن	1952
-3	رپورٹر، ڈیلی ٹیلی گراف، لندن (عورتوں کے صفحہ کے لیے)	1953
-4	رپورٹر، بی بی سی لندن، اردو سیکشن	1953
-5	انفارمیشن آفیسر پی آئی اے کراچی	1954
-6	پروڈیوسر رائٹرز کومنٹری فلم وزارت اطلاعات ونشریات، کراچی	1956
-7	فری لانس براڈکاسٹر، بی بی سی لندن	1960
-8	کاپی رائٹر، مارکیٹنگ اینڈ اڈورٹائزنگ ایسوسی ایٹس بمبئی	1961
-9	مینجنگ ایڈیٹر، امپرنٹ بمبئی	1968-64
-10	ایڈیٹر، امپرنٹ بمبئی (ایک سال)	1969-68
-11	ممبر ایڈیٹوریل اسٹاف اور ایڈیٹر فلم سیکشن السٹریٹڈ ویکلی آف انڈیا	1976-69
-12	ایڈوائزر ٹو دی چیئرمین، سنٹرل بورڈ آف فلم سنسر	1977-76

گورنمنٹ آف انڈیا، بمبئی (28 نومبر 1977 تک)

13- وزٹنگ پروفیسر جامعہ ملیہ اسلامیہ 12 جنوری 79 (تین ماہ)

14- وزٹنگ پروفیسر شعبہ اردو علی گڑھ مسلم یونیورسٹی یکم دسمبر 81 تا دسمبر 82

15- امریکا کی پانچ چھ یونیورسٹیوں میں بطور وزٹنگ لکچرر

مختلف اوقات میں کام کیا۔ یونیورسٹی آف کیلی فورنیا (برکلے)، شکاگو، وسکانس، ایریزونا (ٹکسون) اور ٹیکساس (آسٹن)

نقش اوّل

- پہلی کہانی (بچوں کی) مطبوعہ بی چوہیا کی کہانی — پھول لاہور، 24 ستمبر 1938
- پہلا افسانہ — ایک شام — ادیب لاہور، نومبر 1943
- پہلا انگریزی مضمون — جارج برناڈ شا — پاکستان ٹائمز، 1950
- پہلا افسانوی مجموعہ — ستاروں سے آگے — 1947
- پہلا ناول — میرے بھی صنم خانے — 1949
- پہلا رپورتاژ — لندن لیٹر — 1953
- پہلا مضمون — تخلیق کی جمہوریت — نقوش 1954
- پہلا خاکہ — سعادت حسن منٹو — افکار، اپریل 1955
- پہلا ناولٹ — چائے کے باغ — 1965
- پہلا افسانہ — (انگریزی ترجمہ) جلاوطن (The Exiles) — 1955
- پہلی ملازمت — انفارمیشن آفیسر وزارت اطلاعات ونشریات، حکومت پاکستان — 1951
- پہلا ترجمہ — (انگریزی سے) ہمیں چراغ ہمیں پروانے

	پورٹریٹ آف اے لیڈی از ہنری جیمس	1958
- پہلا انٹرویو	شفیع عقیل نے لیا (نوائے سروش میں شامل ہے)	1953
- پہلی ڈاکومنٹری فلم	پاکستانی لوک ناچوں پر ڈی اے وی پی کے لیے بنائی	1956
- پہلا غیر ملکی سفر	لندن	1952
- پہلا انعام	(برائے ڈاکومنٹری فلم)	
	پری سی ڈنٹس سلور میڈل 'فلم مالوا' کے لیے	1963
- پہلا انعام	(ادبی) ساہتیہ اکادمی ایوارڈ، 'پت جھڑ کی آواز' پر	1967

زندگی کی اہم تاریخیں

مئی 1941 میٹرک

11/اپریل 1943 والد کا انتقال

نومبر 1943 پہلا افسانہ 'ایک شام' لالہ رخ کے فرضی نام سے ادیب (لاہور) میں شائع ہوا

1945 بی۔اے، اندرپرست کالج دلّی

1947 پہلا افسانوی مجموعہ 'ستاروں سے آگے' شائع ہوا

1947 ایم۔اے انگریزی لکھنؤ یونیورسٹی

دسمبر 1947 پاکستان ہجرت

1949 پہلا ناول 'میرے بھی صنم خانے' شائع ہوا

1951 پاکستان میں پہلی ملازمت

1953 رپورٹر 'ڈیلی ٹیلی گراف' لندن

دسمبر 1958 'آگ کا دریا' کی اشاعت

1961 ہندوستان واپسی

19/اکتوبر 1967 والدہ کا انتقال (بمبئی میں)

اعزازات وانعامات

1- پریسی ڈنٹس سلور میڈل فار ڈاکومنٹری فلم 'مالوا'
(اسکرپٹ رائٹنگ اور ڈاکومنٹری فلم سازی کے لیے) 1963

2- مالوا (Malwa) اسٹیٹ ایوارڈ، حکومت ہند فلم اسکرپٹ پر فلم ڈویژن

بھائی وریر سنگھ ایوارڈ۔ ۱۹۹۱

منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ نے اسٹیٹ ایوارڈ سے نوازا	1966
3- ساہتیہ اکیڈمی ایوارڈ (افسانوی مجموعہ پت جھڑ کی آواز پر)	
بدست ڈاکٹر ذاکر حسین، صدر جمہوریہ ہند	1967
4- سوویٹ لینڈ نہرو ایوارڈ برائے تراجم، بدست اندرا گاندھی وزیر اعظم ہند	1969
5- پرویز شاہدی، کل ہند ایوارڈ، مغربی بنگال اردو اکیڈمی	1981
6- اتر پردیش اردو اکادمی ایوارڈ برائے مجموعی ادبی خدمات	1982
7- پدم شری (قومی اعزاز) 24/مارچ، بدست گیانی ذیل سنگھ، صدر جمہوریہ ہند	1984
8- غالب ایوارڈ (1982 کا) غالب مودی ایوارڈ، بدست اندرا گاندھی وزیر اعظم	6/جولائی 1984
9- سنسکرتی ایوارڈ (یعنی اس ایوارڈ کے ججوں میں بھی شامل رہی ہیں) روٹری کلب دہلی	30 جون 1985
10- آندھرا پردیش اردو اکیڈمی ایوارڈ	1987
11- اقبال سمان (مدھیہ پردیش حکومت)	1987-88
12- پروڈیوسر ایمریٹس، آل انڈیا ریڈیو	1988-90

13- بھارتیہ گیان پیٹھ ایوارڈ برائے 1989 - بدست چندر شیکھر وزیر اعظم ہند 1990

14- لیڈیز کریڈٹ کلر جدہ (مجموعی ادبی خدمات کا اعتراف) 1990

15- بھائی ویر سنگھ انٹرنیشنل ایوارڈ - بدست شنکر دیال شرما، نائب صدر جمہوریہ ہند 1991

16- بھارت گورو، روٹری انٹرنیشنل (غیر معمولی ادبی خدمات) 1991

17- ہیر تگے کونسل کی میری نائر نے ادبی خدمات کے اعتراف میں

'ہیر تگے شیلڈ' پیش کی 13 اپریل 1991

18- فیلو آف ساہتیہ اکاڈمی 1994

19- مہیلا شرومنی ایوارڈ (1994) 16 دسمبر 1995

20- اندر پرست مہاودیالیہ (دہلی) اندر پرست گرلس کالج (1999)

ایوارڈ برائے مجموعی ادبی خدمات 2000

21- اردو اکادمی دہلی- بہادر شاہ ظفر ایوارڈ (کل ہند) برائے 2000
بدست ڈاکٹر نریندر ناتھ وزیر تعلیم دلّی 29/مارچ 2001

22- دوحہ قطر کا انٹرنیشنل ایوارڈ برائے مجموعی ادبی خدمات

23- پدم بھوشن، حکومت ہند 28/مارچ اے۔ پی۔ جے۔ عبدالکلام، صدر جمہوریہ ہند 2005

24- نورتن سمان۔ سمرپن۔ (غیر معمولی ادبی خدمات) 12/مارچ 2005

25- آخر شب کے ہم سفر پر یوپی اُردو اکادمی نے دو ہزار روپے کا ایوارڈ دیا 1980
جسے مصنفہ نے لینے سے انکار کر دیا اور دوسرے لوگوں نے بھی اس کے خلاف احتجاج کیا۔

قرۃ العین حیدر جب ایم۔اے۔ میں زیر تعلیم تھیں تب ڈراما ''جنرل اسٹس کا موک ٹرائل'' یونیورسٹی یونین کی جانب سے ''گنگا پرساد میموریل'' ہال میں پیش کیا گیا تھا۔ جس میں یونیورسٹی کے مشہور مقرر ظفر الاسلام نے ''جنرل اسٹس'' کا پارٹ ادا کیا تھا اور قرۃ العین حیدر نے ''وجے لکشمی پنڈت کا'' وجے لکشمی پنڈت کی زوردار تقریر کے لیے ''امرتا بازار پتریکا'' نے انھیں گولڈ میڈل عطا کیا تھا۔

غیر ممالک کے سفر

- پہلا سفر پاکستان سے لندن
- مصر
- ترکی
- ایران
- امریکہ
- روس
- جاپان
- مانچسٹر
- لنکا
- کومیلا
- سعودی عرب
- قطر
- دوبئی
- دوحہ

اداروں سے وابستگی

1- ایڈیٹر، اندر پرستھ کالج میگزین۔ انگریزی سیکشن (بی اے میں) انگریزی ڈراما شائع ہوا۔

2- اساسی ممبر، رائٹرز گلڈ پاکستان 1959 (گلڈ کے آٹھ اساسی ممبران تھے۔ قرۃ العین حیدر کے علاوہ دوسرے ممبران یہ تھے: جمیل الدین عالی۔ ابن الحسن، ابن سعید، ضمیر الدین احمد، عباس احمد عباسی، غلام عباس اور قدرت اللہ شہاب)

3- ممبر، اردو پروگرام اڈوائزری کمیٹی آل انڈیا ریڈیو دلی (چند سال) 1973

پوری کمیٹی اس طرح تھی:

☆ آئی کے گجرال (وزیر اطلاعات ونشریات) چیئر مین

☆ دھرم ویر سنہا (ڈپٹی منسٹر)

ممبران: آل احمد سرور، صباح الدین عمر لکھنو، نواب کریم پٹنہ، یونس دہلوی، رضیہ سجاد ظہیر، ڈی آر گوئل، یونس قریشی حیدر آباد، اندر موہن دہلی، سکندر علی وجد، انور جمال قدوائی سکریٹری منسٹری آف آئی این بی۔

4- ممبر، اڈوائزری بورڈ، ساہتیہ اکیڈمی دلی 1968-72

دوسرے ممبران۔ احتشام حسین، کے اے فاروقی، مالک رام، مسعود حسین خاں، پروفیسر ایم مجیب، آنند نرائن ملا، سجاد ظہیر، ایس اے احمد فرینوی، آل احمد سرور (کنوینر)

5- ممبر، سنٹرل بورڈ آف فلم سنسرز بمبئی۔

قرۃ العین حیدر کے علاوہ دوسرے ممبران، اٹل دھرکر بمبئی، ایم وی کرشنا سوامی بنگلور، سامک بنرجی کلکتہ، بی این سرکر کلکتہ، بی این ریڈی مدراس پی سی مینتھو مدراس، بی آر چوپڑہ بمبئی، این ایس تھاپا بمبئی، آر کے راماچندرن مدراس، ڈی گھوش کلکتہ۔

6- ممبر، جنرل کونسل ساہتیہ اکیڈمی دتی 1976

(سبھاش مکھاپادھیائے، ایم گوپالا کرشنا اڈیگا، پی سی کٹی کرشنن، پی ایل دیش پانڈو، رادھا موہن گڈانائیک، ڈی جیا کانتھن، دیوا کرلا وینکوادھائی)

7- ممبر، اڈوائزری بورڈ اردو ساہتیہ اکیڈمی 1976

محمد حسن، مسعود حسین خاں، مالک رام، منیب الرحمٰن، عمیق حنفی، راجندر سنگھ بیدی۔

8- ممبر، پینل آف ججز، کریٹک ایوارڈ مایادرپن۔ 21/اپریل 1976

9- ممبر، آرگنائزنگ کمیٹی، آل انڈیا غالب سنچری کمیٹی۔

10- ممبر انٹرنیشنل رائٹنگ پروگرام یونیورسٹی آف لووا۔ یو ایس اے 1979

11- ممبر، اڈوائزری کمیٹی برائے جشن 1400 سالہ ہجری۔ یہ کمیٹی نائب صدر جمہوریہ ایم ہدایت اللہ نے بنائی تھی۔ محمد یونس (چیرمین) ممبران۔ آئی ایم قادری، فاطمہ طالب، بیگم علی یاور جنگ، ڈاکٹر بی این گوسوامی، علی سردار جعفری، بدرالدین طیب جی۔

12- ممبر، اڈوائزری بورڈ فور اردو سنٹرل آرگنائزیشن، آل انڈیا ریڈیو، نئی دہلی

13- جنرل سکریٹری، پی سی سی آئی، دتی 1984-90

14- ممبر، ترقی اردو بورڈ، دتی

15- ممبر نیشنل فاؤنڈیشن فار کیمونل ہارمونی

16- پروڈیوسر امریٹس، آل انڈیا ریڈیو 1988-90

17- ممبر گیان پیٹھ ایوارڈ کمیٹی

18- ممبر ٹرسٹی، جشن بہار ٹرسٹ 1999

دوسرے ٹرسٹی میں ایم ایف حسین، خشونت سنگھ اور کلدیپ نیر تھے۔

ریڈیو اور ٹی وی پروگرام

1- آل انڈیا ریڈیو لکھنؤ، دہلی اور بمبئی سے لاتعداد ٹاکس
2- ریڈیو پاکستان، لاہور، کراچی، ڈھاکہ، چٹاگانگ راول پنڈی، پشاور وغیرہ سے ٹاکس
3- تاشقند، ماسکو، لینن گراڈ، ہانگ کانگ ریڈیو وغیرہ اور بی بی سی لندن سے ان گنت پروگرام
4- تہران، سڈنی، آسٹریلیا اور متعدد امریکن اسٹیشنوں سے ٹاکس
5- بچوں کے پروگرام میں لکھنؤ سے براڈ کاسٹ کرنے کا سلسلہ بچپن میں شروع ہوا۔ چنانچہ ایک مرتبہ شوکت تھانوی نے قرۃ العین حیدر اور...... کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا تھا کہ یہ آل انڈیا ریڈیو کی بیٹی ہیں اور یہ بہو۔
6- دوردرشن دلی، بمبئی اور دوسرے کئی شہروں سے انٹرویو
7- پاکستان ٹیلی ویژن لاہور، کراچی سے انٹرویو
8- بی بی سی لندن، ماسکو، تاشقند، تہران، ہانگ کانگ، سڈنی اور امریکا کے مختلف شہروں سے انٹرویو۔

استقبالیہ اور اعزازی جلسے

1- یونیورسٹی آف ٹکساس، اوسٹن (اعزاز میں ظہرانہ دیا) 29/نومبر 78

2- شعبہ اردو جموں یونیورسٹی صدارت ایس سی دوبے وائس چانسلر 21 مئی 79

3- مرکزی شعبۂ ادب وثقافت ساؤتھ انڈیا اردو اکیڈمی حیدر آباد 20/مارچ 82

4- ایک شام قرۃ العین حیدر کے نام - زیر صدارت ڈاکٹر ملک راج آنند
اردو مرکز لندن اگست 1986

5- اردو مرکز لندن، 17 اکتوبر 86۔ صدارت پروفیسر فتح محمد ملک۔

6- ساؤتھ ایشین لٹریچر سوسائٹی۔ لندن 17/اکتوبر 87

7- اردو مرکز لندن 25/اکتوبر 87

8- انجمن ترقی اردو ہند۔ گیان پیٹھ ایوارڈ ملنے پر استقبالیہ۔ صدارت سید حامد 12/اکتوبر 90

9- اُردو محفل ہل اسٹریٹ سنسائی، ڈاکٹر عذرا کا گھر 13/جون 92

10- لٹریچر اینڈ آرٹ سوسائٹی نیدر لینڈ 5/جولائی 92

11- بزم اردو لندن جولائی 1998

12- عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبۂ تلگو میں استقبالیہ۔ وائس چانسلر نے شیلڈ پیش کی۔

13- بہار اردو اکادمی پٹنہ۔ سکریٹری اردو اکادمی محمد یونس 22 نومبر

14- اردو اکادمی آندھرا پردیش۔ صدارت مولانا ابو یوسف صدر نشین اکیڈمی۔ 18 مارچ

15- شعبہ جنوب ایشیائی علوم یونیورسٹی آف شکاگو کی طرف سے صدر شعبۂ اردو چودھری محمد نعیم نے مدعو کیا۔

16- انجمن بزم اردو لکھنؤ (خواتین کی انجمن) 24 دسمبر 80۔ صدر بیگم زیبا صلاح الدین، رضا علی عابدی نے شخصیت اور فن کے حوالے سے گفتگو کی۔

17- PEN کانگریس ٹوکیو میں 1957 میں شرکت کی۔

لکچرز

	موضوعات	ادارہ
1-	اسلام میں عورت	یونیورسٹی آف آیووا، آیوواسٹی۔ 27/نومبر 79
2-	موڈرن انڈین فکشن	سینٹر فار ساؤتھ اینڈ ساؤتھ ایسٹ ایشیا اسٹڈی کیلی فورنیا۔15/نومبر 76
3-	موڈرن انڈین فکشن انکلوڈنگ مائی اون	یونیورسٹی آف آیووا، آیوواسٹی۔ 27/نومبر 79
4-	آخر شب کے ہم سفر کا باب ۔چارلس باربو (بنگال سویلین پڑھا)	یونیورسٹی آف وس کون سن میں ساؤتھ ایشین اسٹڈیز کی آٹھویں سالانہ کانفرنس کے موقع پر
5-	انڈین جنرلزم	اسکول آف جنرلزم۔یونیورسٹی آف ٹیکسس آسٹن

6-	ایرانی تاریخ میں شاہ اور ملا کی آویزش (ایڈوانس جنرلزم کی کلاس)	اسکول آف جنرلزم۔ یونیورسٹی آف ٹیکسس آسٹن
7-	اسلام میں عورتوں کا درجہ	یونیورسٹی برلنگٹن
8-	جدید ہندوستان کی ہندو اور مسلم عورت	یونیورسٹی آف ٹیکسس ایٹ آسٹن

ملفوظات قرۃ العین حیدر

